SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
February 9, 2022

## ایس ای سی پی ETFs میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے کوشاں

اسلام آباد (فروری 9) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین عامر خان نے کہا ہے کہ ایس ای سی پی ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے کیپٹل مارکیٹ میں لیکویڈیٹی اور مارکیٹ کی آؤٹ ریچ کو بڑھانے اور سرمایہ کاری، خاص طور پر ایکسچینج ٹریڈیڈ فنڈز میں سرمایہ کاری کو سہل بنانے کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ چیئرمین ایس ای سی پی نے ان خیالات کا اظہار سٹاک مارکیٹ کے بروکروں، اور ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کے لئے ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز (ETFs) کے موضوع پر منعقد کئے گئے ویبنار کے دوران کیا۔

عامر خان نے امید ظاہر کی کہ ای ٹی ایف پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ اور خاص طور پر میوچل فنڈ انڈسٹری کی ترقی کے لئے مددگار ثابت ہوں گے۔ SECP کی سپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن کی سربراہ خالدہ حبیب نے ETFs کے طریقہ کار پر ایک جامع پریزنٹیشن دی جس میں مصنوعات کی تفصیلات، سرمایہ کاروں کو فوائد اور شرکاء کے سوالات کے جوابات شامل تھے۔

ویبنار میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے مینجنگ ڈائریکٹر فرخ خان، ایم سی بی عارف حبیب سیونگز اینڈ انویسٹمنٹ کے وائس چیئرمین/ڈائریکٹر نسیم بیگ، جے ایس انوسٹمنٹ کی چیف ایگزیکٹ مس وعفت منکانی، اور الفاح انوسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو نبیل ملک نے پینل ڈسکشن میں حصہ لیا۔ شرکاء نے ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کی جانب سے ای ٹی ایف میں سرمایہ کاری بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ای ٹی ایف میں سرمایہ کاروں کے اخراجات کم ہوتے ہیں اور رسک بھی محدود ہوتا ہے۔

ویبنار کے اختتام پر، ایس ای سی پی کے حکام نے شرکاء کے اطمینان کے لیے مختلف سوالات کا جواب دیا۔ شرکاء نے ایس ای سی پی کی عوامی شمولیت کی کوششوں کو سراہا اور عوام اور اسٹیک ہولڈرز کی آگاہی کے ایسے اقدامات جاری رکھنے پر زور دیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005